زبان میری ہے بات اُن کی

☆بارات کو سپورٹس گراؤنڈ میں اتار کر متبادل انتظامات کا کہا گیا(ایک خبر)

عوام کے نام پر عوام کو تنگ کرنا......اسے کیا نام دیا جائے!

☆سیاست دانوں کو غریبوں کی قسمت سے نہیں کھیلنے دیں گے۔(صدر مشرف)

غریبوں کی بیٹیوں سے بے شک کھیلتے رہیں!

☆۳۰۰روپے من کے حساب سے کسان کی گندم کا ایک ایک دانہ خریدیں گے۔(گورنر پنجاب)

اور کسان بے چارہ ۲۲۰روپے تک گندم فروخت کرنے پر مجبور ہے۔

☆کوٹہ سے کم گولیاں ملنے پر افیونیوں کا احتجاج!(ایک خبر)

پھرے ننگ تے دھڑنگ، کھاوے بوئے بوئے منگ
پیوے بھنگ تھیوے تنگ، آکھے ایہو میری جنگ

☆اقتدار کا بھوکا نہیں۔(صدر مشرف)

''صرف پانچ سال کیلئے صدر بنا دیں''

☆فرح مغل کے ذومعنی جملے......''جسے اعتراض ہے اٹھ کر مسجد میں چلا جائے''(ٹوکنے پر جواب)

خدا کے خوف کو دیا سلائی دکھانے والے کا انجام آخر آگ ہے۔

☆نیا پولیس ایکٹ کل سے ملک بھر میں نافذ العمل ہوگا۔(ایک خبر)

پولیس مین وہی رہے گا۔خالی ایکٹ کا فائدہ!

☆''آؤنی سہیلیو!ووٹ پان چلیے

اَج پا مشرف نوں صدر بنان چلیے''(طارق عزیز کی کمپیئرنگ)

''ابا ساڈا ناظم توں کرایہ لین گیا اے پولنگ اُتے اسی سارا خاندان چلیے''

☆اسمبلیوں اور سینٹ کے انتخابات سے پہلے صدر کا انتخاب ایسے ہے جیسے والدین سے پہلے بچہ پیدا ہو جائے۔(اے کے ڈوگر، وکیل)۔

کسی تبصرے کی ضرورت نہیں

☆پاکستان کو اب آزاد خیال ملک سمجھا جاتا ہے۔(نثار میمن)

یہ ملک ہمارا ہے اسے ہم نے بگاڑا ہے
اس ملک کا ہر بچہ بچپن سے آوارہ ہے

☆صحافیوں کے خلاف انتقامی کارروائیاں برداشت نہیں کی جائیں گی۔(خالد رانجھا)

خود ہی ذبح بھی کرے ہے خود ہی لے ثواب الٹا

☆مشرف ریفرنڈم جیت چکے، اب رسمی کارروائی ہوگی۔(گورنر)

اور اس رسم پر صرف دو ارب روپے خرچ کیے جائیں گے۔

☆مسلمانوں کی ترقی میں نماز حائل ہے۔(تاج ہوٹل میں ایک دہریئے کی ہرزہ سرائی)

ہت! تینوں قلندر دی دیگ تھے بالیا!

☆بس چلے تو غریب کے گھر جا کر گلے لگالوں۔(صدر مشرف)

اوّل تو غریب کا کوئی گھر نہیں ہے، دوسرے مہنگائی کے دیو نے اسے پہلے ہی گلے لگایا ہوا ہے۔

☆کشمیر میں اب جہاد کی گنجائش نہیں۔(سردار عبدالقیوم)

سی آئی اے کا نیا ورک آرڈر!

☆طوائف، میراثی، بدمعاش اور پولیس نے سٹیج تباہ کیا۔(خبریں فورم)

کیا یہ چاروں ایک ہی خاندان کے افراد ہیں؟

☆ہم ان (مولویوں) سے بہتر مسلمان ہیں۔(لاہور جلسے میں صدر کا خطاب)

خدا جب حسن دیتا ہے نزاکت آ ہی جاتی ہے

☆نواز شریف نے غلطی تسلیم کی، اب قرآن پاک حفظ کر رہے ہیں۔(مجید نظامی)

دیا دکھ بتوں نے تو خدا یاد آیا

☆عائشہ بٹ کیلئے دعا گو ہوں۔(کھر)

نئی جب گھر میں آتی ہے پرانی بھول جاتی ہے   نئی جب دل دکھاتی ہے پرانی یاد آتی ہے

ریفرنڈم کے بعد تھیٹروں میں ڈانس پر نرمی، سیکرٹری نے اشارہ دے دیا۔(ایک خبر)

کھلے ای کھاؤ...... ننگے ای نہاؤ!

☆مکہ مکرمہ پر ایٹم بم گرانے کا مطالبہ کرنے والے امریکی صحافی پر فالج کا حملہ، حالت نازک۔(ایک خبر)

عبرت حاصل کرو! اے عقل والو!

☆پرویز مشرف داتا دربار حاضری سے ریفرنڈم مہم کا آغاز کریں گے۔(ایک خبر)

خدانخواستہ! کیا داتا صاحبؒ ریفرنڈم کے بانی تھے!

☆اذانوں سے ٹینکوں کے مقابلے کا دور گیا۔(چودھری سرور، برطانیہ)

آج بھی ہو جو براہیم کا ایماں پیدا   آگ کر سکتی ہے اندازِ گلستاں پیدا